# آیاتِ شفاء

امامِ طریقت ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے ، وُہ فرماتے ہیں کہ ان کا ایک بچّہ بیمار ہو گیا اس کی بیماری اتنی سخت ہو گئی کہ وُہ قریب المرگ ہو گیا وُہ بیان کرتے ہیں کہ مَیں نے رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خواب میں دیکھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ، تم آیاتِ شفاء سے کیوں دُور رہتے ہو۔ کیوں اِن سے شفا نہیں مانگتے ، میں بیدار ہو گیا اور اس پر غور کرنے لگا تو مَیں نے ان آیاتِ شفا کو قرآن میں چھ جگہ پایا۔ وُہ یہ ہیں :

۱۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ○

اور اللہ تعالےٰ شفا دیتا ہے مؤمنین کے سینے کو۔

۲۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ○

سینوں میں جو تکلیف ہے ان سے شفا ہے۔

۳۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ

ان کے پیٹ سے نکلتی ہے پینے کی چیز جن کے مختلف

اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ

رنگ ہیں لوگوں کے لیے ان میں شفا ہے ۔

۴۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ

اور قرآن میں ہم ایسی چیز نازل کرتے ہیں جو مؤمنین

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

کے لیے شفا اور رحمت ہے ۔

۵۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝

اور جب مَیں بیمار ہوتا ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے شفا دیتا ہے ۔

۶۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ

فرما دیجئے آپ کہ مؤمنین کے لیے ہدایت اور

شِفَآءٌ ؕ

شفا ہے ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

۱۔ قُلۡ لَّنۡ يُّصِيۡبَنَاۤ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ

آپ فرما دیجئے ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑ سکتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ

لَنَا ۚ هُوَ مَوۡلٰٮنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ

نے ہمارے لیے مقدر فرمایا ہے وُہ ہمارا مالک ہے اور اللہ کے تو سب مسلمانوں

الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۝ (سورۃ التوبہ : ۵۱)

کو اپنے سب کام سپرد رکھنے چاہئیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

۲۔ وَاِنۡ يَّمۡسَسۡكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا

اگر تم کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچادے تو بجز اس کے کوئی دُور کرنے والا

كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنۡ يُّرِدۡكَ

نہیں ہے اور اگر وُہ تم کو کوئی راحت پہنچانا چاہے تو اس کے فضل کا

بِخَيۡرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضۡلِهٖ ؕ يُصِيۡبُ بِهٖ

کوئی ہٹانے والا نہیں (بلکہ) وُہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر چاہیں

مَن يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

مبذول فرمادیں اور وہ بڑی مغفرت اور

الرَّحِيْمُ ۝ (سورۃ یونس : ۱۰۷)

رحمت والے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

۳- وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

اور کوئی (رزق کھانے والا) جاندار روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں

عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَ

کہ اس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو اور وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ کو اور

مُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ (ہود : ۶)

چند روز رہنے کی جگہ کو جانتا ہے یہ سب چیزیں کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (بھی) درج ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

۴- اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ

میں نے اللہ پر توکل کرلیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے

مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَاؕ

جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس نے پکڑ رکھی ہے۔

اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۝ هود/٥٦

یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

٥- وَكَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَاۗ

اور بہت سے جانور ایسے ہیں جو اپنی غذا اٹھا کر نہیں رکھتے

اَللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَاِیَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِیْعُ

اللہ ہی ان کو (مقدر) روزی پہنچاتا ہے اور تم کو بھی اور وہ سب کچھ سنتا ہے

الْعَلِیْمُ۝ (العنکبوت : ٦٠)

سب کچھ جانتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

٦- مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ

اللہ جو رحمت (بارش وغیرہ) لوگوں کے لیے کھول دے سو اس کا

فَلَا مُمۡسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمۡسِكۡ ۙ فَلَا

کوئی بند کرنے والا نہیں اور جس کو بند کردے سو اس کے (بند کرنے

مُرۡسِلَ لَهٗ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ

کے) بعد اس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں۔ اور وہی غالب

الۡحَكِيۡمُ ۝ (سورہ فاطر: ۲)

حکمت والا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑے مہربان نہایت رحم کرنے والے ہیں۔

۷۔ وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور اگر (آپ) ان سے پوچھیں کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا

وَالۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلۡ اَفَرَءَيۡتُمۡ

ہے تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے آپ (ان سے) کہیے کہ بھلا پھر یہ تو

مَّا تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اِنۡ

بتلاؤ کہ خدا کے سوا تم جن معبودوں کو پوجتے ہو اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو کوئی تکلیف

اَرَادَنِىَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلۡ هُنَّ كٰشِفٰتُ

پہنچانا چاہے تو کیا یہ معبود اس کی دی ہوئی تکلیف دور کرسکتے

ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ

ہیں یا اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی عنایت کرنا چاہے کیا یہ معبود اس کی

مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ؕ

عنایت کو روک سکتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ (اس سے ثابت ہو گیا کہ)

عَلَیْهِ یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ (الزمر: ۳۸)

میرے لیے خدا کافی ہے۔ توکل کرنے والے اسی پر توکل کرتے ہیں۔

# جامع دُعا

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم سے عرض کیا کہ حضور، دُعائیں تو آپؐ نے بہت سی بتادی ہیں، ساری یاد نہیں رہتیں، کوئی ایسی مختصر دُعا بتا دیجئے جو سب دعاؤں کو شامل ہو جائے۔ اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ دُعا تعلیم فرمائی۔ (ترمذی)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَكَ

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ سب اچھی اچھی باتیں جو تیرے نبی محمد صلی

مِنْهُ نَبِيُّكَ (سَيِّدُنَا) مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلّم نے تجھ سے

تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ

مانگی ہیں اور ان تمام

مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ

بُری باتوں کے شر سے پناہ لیتا ہوں جن سے تیرے نبی

(سَيِّدُنَا) مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ

محمّد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلّم نے

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ

تیری پناہ لی ہے تو ہی وُہ ذات ہے جس سے مدد

الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

مانگی جاتی ہے اور تیرا کام حق پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

نہ کسی میں نیکی کرنے کی طاقت ہے نہ بُرائی سے بچنے کی قوت اور سلام ہو

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥

تمام رسُولوں پر اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جو رب ہے تمام جہانوں کا۔